M.Ed/II Sem/MMED201CCT/May 2017

مئی 2017	M.Ed Regular (ایم۔ایڈ (ریگولر	II Semester دوسراسمسٹر

پرچہ : تعلیم کی سماجیانہ تناظرات

Paper - MMED201CCT : Sociological Perspectives of Education

3 Hrs : وقت : Time گھنٹے	Maximum. Marks 70 : جملہ نشانات

ہدایات:

یہ پرچۂ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختصر ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) خاندان (Family) عام طور پر بچے کو کس قسم کی تعلیم فراہم کرتا ہے؟

(A) پابندی کے ساتھ (Regularly) (B) ارادی (Deliberately)

(C) رسمی طور پر (Formally) (D) غیر رسمی طور پر (Informally)

(ii) دورِ حاضر میں ہندوستان میں تعلیم کا سب سے اہم کردار (Role) کون سا ہے؟

(A) تعلیم کے تئیں لوگوں کے رویے (Attitude) میں تبدیلی پیدا کرنا

(B) لوگوں کے طرز زندگی (Life Style) میں تبدیلی پیدا کرنا

(C) لوگوں کے مذہبی عقائد (Religious Belief) میں تبدیلی پیدا کرنا

(D) سماجی اور قومی یکجہتی (Social and National Integration) کو فروغ دینا

(iii) درج ذیل عوامل میں سے کون سا عامل (Factor) سماجی تبدیلی (Social Change) کا ذریعہ (Source) نہیں ہے؟

(A) مخصوص موسم میں قبائل (Nomeads) کی ہجرت (B) مغربیانا

(C) انقلاب (D) بغاوت

(iv) ہندوستان میں درج فہرست ذاتوں (Scheduled Castes) کی سماجی نقل و حرکت (Social Mobility) کی اہم ترین وجہ کون سی ہے؟

(A) دولت (Wealth) (B) ملازمتوں میں تحفظ (Reservation of Jobs)

(C) تعلیم Education (D) ہجرت (Migration)

P.T.O.

(v) آئینِ ہند کی کون سی دفعہ چھوت چھات (Untouchability) کا خاتمہ کرتی ہے؟

(A) دفعہ 14 (B) دفعہ 17 (C) دفعہ 16 (D) دفعہ 45

(vi) کس قسم کے اسکول، ہندوستان میں تعلیم کے یکساں مواقع کی روح کے ہم مزاج نہیں ہیں۔

(A) آشرم اسکول (B) سرکاری اسکول (C) پبلک اسکول (D) نودے ودیالیہ

(vii) تعلیم (Education) کو کس فہرست میں شامل کیا گیا ہے؟

(A) مرکزی فہرست (B) ریاستی فہرست (C) مشترکہ فہرست (D) یہ سبھی

(viii) اسکول، کس کی چھوٹی شبیہہ (Miniature) ہوتا ہے؟

(A) سماج (Society) (B) مملکت (State) (C) خاندان (Family) (D) تنظیم (Organisation)

(ix) قومی تعلیمی پالیسی 1986 (NPE 1986) میں آخری بار ترمیم کب عمل میں آئی۔

(A) 1996 (B) 1992 (C) 2004 (D) 2001

(x) کس ادارے کو تعلیم پر سب سے زیادہ قابو (Control) حاصل ہے؟

(A) مملکت (State) (B) خاندان (Family) (C) مذہب (Religion) (D) معیشت (Economy)

حصہ دوم

-2 تعلیم کی سماجیات (Sociology of Education) اور تعلیمی سماجیات (Educational Sociology) کی وضاحت کرتے ہوئے دونوں کا فرق بیان کیجیے۔

-3 سماجی تبدیلی (Social Change) کے تصور پر روشنی ڈالتے ہوئے سماجی تبدیلی میں تعلیم کا کردار (Role) بیان کیجیے۔

-4 ثقافت (Culture) سے کیا مراد ہے؟ اس ضمن میں تعلیم کے دو اہم کام (Function) سے بحث کیجیے۔

-5 تعلیم (Education) اور قومی ترقی (National Development) سے متعلق مضمون لکھتے ہوئے آزاد ہندوستان میں تعلیم کے ذریعے حاصل کردہ قومی ترقی واضح کیجیے۔

-6 تعلیم اور روزگار (Education & Employment) کے یکساں مواقع (Equality of Opportunity) کے باوجود دستورِ ہند کمزور اور پسماندہ طبقات کے لیے مملکت (State) کو خصوصی اختیارات کیوں عطا کرتا ہے؟ مثالوں کے ذریعے سمجھائیے۔

-7 ''سماجیانے (Socialisation) کا عمل دوسری ثقافت کی قبولیت کا عمل ہے۔'' ("Socialisation is a process of acculturation") پر بحث کیجیے۔

-8 تعلیمی نظام (Education System)، سماجی نظام (Social System) کے ذیلی نظام (Sub System) کے بطور دیگر ذیلی نظاموں (Sub Systems) سے کس طرح تعامل (Interaction) کرتا ہے۔ مثالوں کے ذریعے واضح کیجیے۔

-9 تعلیم، قومی ترقی (National Development) میں بہترین سرمایہ کاری (Investment) کس طرح ہے؟ وضاحت کیجیے۔

حصہ سوم

10- لامذہبیت (Secularism)، اشتراکیت (Socialism) اور جمہوریت (Democracy) کے تناظر میں تعلیم کے کردار پر تفصیلی روشنی ڈالیے اور بتائیے کہ فرقہ وارانہ ہم آہنگی (Communal Harmony) کے فروغ کے لیے معلم کو کیا کرنا چاہیے۔

11- ہندوستانی سماج میں کون سے طبقات تعلیمی اور معاشی لحاظ سے پسماندہ ہیں۔ان پسماندہ طبقات کی پسماندگی دور کرنے کے لیے مرکزی اور ریاستی حکومتوں کے اقدامات کا جائزہ پیش کیجیے۔

12- ہندوستان جیسے کثیر آبادی والے ملک میں رسمی (Formal)، بے رسمی (Informal) اور غیر رسمی (Non Formal) تعلیم (Education) کے ذرائع (Channels) کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالتے ہوئے بتائے کہ مستقبل کے شہریوں کے لیے خود کار متعلم (Autonomous Learner) بننا کیوں ضروری ہے؟

13- سیکولر دستور ہونے کے باوجود ملک میں بڑھتی فرقہ پرستی کے اسباب کیا ہیں؟ قومی یکجہتی کے فروغ میں ایک استاد کو کیا کردار ادا کرنا چاہیے؟

14- عالمگیریت (Globalisation) اور نجی کاری (Privatisation) کے اس دور میں ہندوستانی تعلیمی نظام کو درپیش خطرات کون سے ہیں؟ ان سے کیسے نمٹا جا سکتا ہے؟

☆☆☆